**20.01.2026**

**21.15 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........ضمیر رضوی

**Music**

---

☆ بی جے پی کے کارگزار صدر نتن نبین کو پارٹی کا صدر منتخب کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے اعتماد ظاہر کیا ہے کہ وہ BJP کی میراث کو آگے بڑھائیں گے۔

☆ اَراولی پہاڑی سلسلے میں واقع Kumbhalgarh وائلڈ لائف سنچری کو ماحولیات کیلئے حساس زون قرار دیا گیا ہے۔

☆ یوروپی یونین کی سربراہ نے کہاہے کہ بھارت اور یوروپی یونین FTA پر دستخط کرنے کے کافی قریب ہیں۔

☆ Sensex اور نفٹی میں تقریباً ایک اعشاریہ تین فیصد کی گراوٹ آئی ہے۔

☆ اور خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں وڈودرہ میں ڈیلی کیپٹلس اور ممبئی انڈینس کے درمیان میچ جاری ہے۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے......

**BJP New Prez**

بی جے پی کے کارگزار صدر نتن نبین کو پارٹی کا نیا قومی صدر منتخب کیا گیا ہے۔ پارٹی کے قومی ریٹرننگ افسر ڈاکٹر کے۔لکشمن نے آج جناب نبین کو پارٹی صدر مقرر کئے جانے کا اعلان کیا اور اُنھیں نئی دلّی میں BJP ہیڈکوارٹر میں سنگھٹن پَرو پر انتخاب سے متعلق سرٹیفکیٹس سونپا۔جناب نبین کی BJP کے سینئر رہنما اور وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی وزرا امت شاہ، راجناتھ سنگھ، جے پی نڈّا اور نتن گڈکری نے عزت افزائی کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ جناب نبین پارٹی کی میراث کو آگے لے کر جائیں گے۔ انھوں نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ نومنتخبہ BJP قومی صدر کا تعلق ایک ایسی نسل سے ہے، جس نے ملک میں اہم اقتصادی، سماجی اور تکنیکی تبدیلیوں کا مشاہدہ کیا ہے۔

**S/B Modi**

جناب مودی نے اِس بات پر بھی زور دیا کہ گذشتہ کچھ مہینوں میں تنظیم کے چھوٹے سے یونٹ سے لے کر قومی صدر کے انتخاب تک پورا عمل مکمل طور پر جمہوری طریقۂ کار پر انجام دیا گیا۔ انھوں نے مزید کہا کہ پارٹی کی

قیادت کو روایت اور بے پناہ تجربے سے رہنمائی حاصل ہے اور وہ عوام اور ملک کی خدمت کے جذبے کے ساتھ تنظیم کو مضبوطی فراہم کر رہی ہے۔

**S/B Modi**

اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے BJP کے نومنتخبہ قومی صدر نتن نبین نے پارٹی کی اعلیٰ ترین پوزیشن تک پہنچنے کا موقع دینے کیلئے وزیر اعظم مودی کا شکریہ ادا کیا۔ جناب نبین نے اِس دن کو ایک عہد کا لمحہ قرار دیا۔ انھوں نے کہا کہ ملک کے 140 کروڑ عوام بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کے وزیر اعظم نریندر مودی کے نظریے کو حقیقت میں تبدیل کرنے کی خاطر انتھک کام کر رہے ہیں۔

**S/B Nitin Nabin**

## Yadav Sanctuary ESZ

ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کی وزارت نے اروالی پہاڑی سلسلے میں واقع کُمبھل گڑھ وائلڈ لائف سینکچری کو ماحولیاتی اعتبار سے حساس زون قرار دینے والا نوٹیفکیشن جاری کیا ہے۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں ماحولیات، جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے وزیر بھوپیندر یادو نے بتایا کہ زون قرار دینے سے نہ صرف اُس علاقے کے نباتات کے تحفظ میں مدد ملے گی، بلکہ یہ سینکچری کے اندر اور اطراف رہنے والی قدیم برادریوں کی بھی مدد کرے گا۔ وزیر موصوف نے مزید کہا کہ کُمبھل گڑھ وائلڈ لائف سینکچری کے اطراف صفر سے ایک کلومیٹر کا رقبہ، وسیع تر جنگلاتی حیات اور پرندوں کی اقسام کا مسکن ہے۔×

## EU Chief FTA

یورپی کمیشن کی صدر Ursula Von Der Leyen نے کہا ہے کہ بھارت اور یورپی یونین، آزادانہ تجارتی سمجھوتے، FTA پر دستخط کرنے کے بالکل قریب ہیں۔ انہوں نے اِسے سبھی سمجھوتوں میں انتہائی اہم سمجھوتہ قرار دیا۔

Davos میں آج ورلڈ اکنامک فورم سے خطاب کرتے ہوئے محترمہ Von Der Leyen نے کہا کہ وہ Davos کے بعد اگلے ہفتے کے آخر میں بھارت کا سفر کریں گی۔ تاہم انہوں نے یہ بھی کہا کہ ابھی کچھ کام باقی ہے۔ محترمہ Von Der Leyen کے مطابق آزادانہ تجارتی معاہدہ، 2ارب لوگوں کیلئے بازار تیار کرے گا، جو عالمی GDP کا تقریباً ایک چوتھائی ہے۔ محترمہ Von Der Leyen نے مزید کہا کہ یوروپ، لاطینی امریکہ سے لے کر بھارت—بحر الکاہل اور اُس سے پَرے آج کے ترقی کے مراکز اور صدی کے اقتصادی پاور ہاؤسز کے ساتھ کاروبار کرنا چاہتا ہے۔

یورپی کونسل کے صدر اینٹونیو کوسٹا اورVon Der Leyen، 25 سے 27جنوری تک بھارت کے سرکاری دورے پر رہیں گے۔ یہ شخصیات، بھارت—یورپی یونین چوٹی کانفرنس کی مشترکہ صدارت سے پہلے، یومِ جمہوریہ تقریبات کے مہمانانِ خصوصی ہوں گی۔ x

## Spain FM Visit

اسپین کے وزیر خارجہ Jose Manuel Albares بھارت کے دو روزہ سرکاری دورے پر آج شام نئی دلی پہنچ رہے ہیں۔ اسپین کے وزیر خارجہ Albares کل صبح وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے ملاقات کریں گے۔ اسپین کے وزیر خارجہ راشٹر پتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے بھی ملاقات کریں گے۔×

## Pargati Special Story

سرگرم حکمرانی اور بروقت نفاذ سے متعلق وزیر اعظم کے سرکردہ پلیٹ فارم PRAGATI نے اپنی 50 ویں میٹنگ کے کامیاب انعقاد کے ساتھ ایک اہم سنگِ میل طے کیا ہے۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے 2015میں اس کا آغاز کیا تھا اور اُس وقت سے PRAGATI پلیٹ فارم نے وزیر اعظم کے براہِ راست جائزے کے ذریعے حکمرانی کے عمل کی کایا پلٹ کی ہے اور ایسا بروقت نگرانی اور بنیادی ڈھانچے کے پروجیکٹوں اور دیگر عوامی شکایات کا ازالہ کر کے کیا گیا ہے۔ یہ پلیٹ فارم امدادِ باہمی سے متعلق وفاقیت کی مثال پیش کرتا ہے اور مرکز، ریاستوں اور مرکزی وزارتوں کو ایک واحد ڈیجیٹل رابطہ فراہم کرتا ہے۔ آج ہم اِس خصوصی سیریز کے تحت مہاراشٹر میں Bembla آبپاشی پروجیکٹ کا جائزہ لیں گے۔

**VC Anupam Mishra**

پردھان منتری کرشی سینچائی یوجنا کے تحت Bembla آبپاشی پروجیکٹ نافذ کیا تھا، جس سے مہاراشٹر کے ودربھ خطے میں زرعی پائیداری کو مستحکم کرنے کے ایک اہم قدم کی عکاسی ہوتی ہے۔ 2اپریل 2007 کو دو ہزار 685 کروڑ روپئے سے زیادہ کی لاگت کے ساتھ اِسے منظور کیا گیا اور یہ پروجیکٹ Bembla دریا پر مرکوز ہے۔ 25اکتوبر 2023 کو وزیر اعظم نے اِس پروجیکٹ کا جائزہ لیا، جس کے بعد متعلقہ مرکزی وزارتوں اور حکومتِ مہاراشٹر کو زیر التوا معاملات کو حل کرنے کیلئے واضح اور نتائج پر مبنی ہدایات جاری کی گئیں۔ ریاستی حکومت نے زمینی سطح پر جائزے کو تیز کیا اور کام میں تیزی لانے کیلئے کثیر رُخی حکمت عملی اختیار کی۔ Bembla آبپاشی پروجیکٹ کا گذشتہ برس 30جون کو آغاز کیا گیا۔اِس پروجیکٹ کے تجربے سے اِس بات کی عکاسی ہوتی ہے کہ کس طرح پرگتی حکومتی اقدامات میں تیزی لانے اور طویل عرصے سے زیر التوا نفاذ کے چیلنجوں کو مقررہ وقت میں حل کرنے کے ایک طریقۂ کار کے طور پر کام کرتا ہے۔

دلّی انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں مہتاب عالم

## Business Capsule

شیئر بازار میں آج لگاتار دوسرے دن بھی منفی رجحان جاری رہا اور گھریلو اشاریوں، سینسیکس اور نفٹی میں ایک فیصد سے زیادہ کی کمی درج کی گئی۔ دونوں اشاریوں نے کمزور شروعات کی اور پورے تجارتی سیشن کے دوران دباؤ میں رہے، جس سے گراوٹ کے رجحان کا پتہ چلتا ہے۔

سینسیکس، ایک اعشاریہ تین فیصد یعنی ایک ہزار 66پوائنٹس گر کر 82ہزار 180پر بند ہوا۔ وہیں نفٹی میں

ایک اعشاریہ چار فیصد یعنی 353پوائنٹس کی گراوٹ آئی اور یہ 25ہزار 233پر بند ہوا۔

باہبے اسٹاک ایکسچینج میں مجموعی کاروبار بھی متاثر رہا۔ مِڈکیپ اشاریے میں ڈھائی فیصد، جبکہ smallcap اشاریے میں دو اعشاریہ 7فیصد کی کمی آئی۔ وہیں غیر ملکی زرِ مبادلہ کے بازار میں بھارتی روپے کی قدر 6پیسے گرکر ایک امریکی ڈالر کے مقابلے 90روپے 97پیسے ہوگئی۔x

## Core Industries

اہم آٹھ صنعتوں کے مجموعی اشاریے میں گزشتہ سال دسمبر میں سالانہ بنیاد پر تین اعشاریہ سات فیصد کا اضافہ درج کیا گیا۔ کامرس اور صنعتوں کی وزارت نے بتایا کہ سیمنٹ، فولاد، بجلی، کھاد اور کوئلے کی پیداوار میں گزشتہ مہینے مثبت ترقی درج کی گئی۔ اعداد و شمار کے مطابق، گزشتہ سال دسمبر میں سیمنٹ کی پیداوار میں 13اعشاریہ پانچ فیصد، فولاد کی پیداوار 6اعشاریہ نو فیصد، بجلی کی پیداوار میں 5اعشاریہ تین فیصد، کھاد کی پیداوار میں 4اعشاریہ ایک فیصد اور کوئلے کی پیداوار میں 3اعشاریہ چھ فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ تاہم خام تیل کی پیداوار میں 5اعشاریہ چھ فیصد اور قدرتی گیس کی پیداوار میں 4اعشاریہ چار فیصد کی کمی آئی ہے۔ وہیں، پیٹرولیم ریفائنری مصنوعات کی پیداوار بھی ایک فیصد گری ہیں۔ یہ آٹھ اہم صنعتیں، صنعتی پیداوار کے اشاریے میں 40فیصد حصہ رکھتی ہیں۔×

## Centre Motor Vehicles

مرکز نے قومی شاہراہوں پر واقع ٹول پلازہ پر صارف ادائیگیوں کی تعمیل کو مستحکم کرنے کے مقصد سے سینٹرل موٹر وہیکلز ضوابط– 2026 کی دوسری ترمیمات کو نوٹیفائی کر دیا ہے۔ اِن ترمیمات کا مقصد صارف ادائیگیوں میں بہتری لانا، الیکٹرانک ٹول وصولی کی کارکردگی کو بڑھانا اور قومی شاہراہوں پر ٹول چوری کی حوصلہ شکنی کرنا ہے۔ سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کی وزارت نے بتایا کہ یہ ترمیمات، NHAI کی شفاف اور ٹیکنالوجی پر مبنی ٹول نظام کو فروغ دینے میں مدد کریں گی۔ x

## AIIMS Robotic Surgery

نئی دلی کے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس AIIMS نے کہا ہے کہ گزشتہ 13 مہینے میں ادارے کے جرّاحی کے محکمہ نے ایک ہزار سے زیادہ روبوٹک سرجری کیے ہیں، جس سے ملک میں سرجری کے ذریعے دیکھ بھال کے طریقہ کار میں خاطر خواہ پیش رفت کی نشان دہی ہوتی ہے۔ آج ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جرّاحی کے شعبے کے سربراہ پروفیسر Sunil Chumber نے کہا کہ روایتی اوپن سرجری کے مقابلے میں روبوٹک سرجری نے آپریشن کے بعد ہونے والے درد کو 50فیصد کم کر دیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ جو مریض روبوٹک سرجری کے عمل سے گزرتے ہیں۔ انہیں اسپتال میں 30فیصد کم ٹھہرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اس سے اُن کے حفظانِ صحت کی لاگت بھی کم ہو جاتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ کم سے کم چیرا لگانے کے طریقہ کار کے استعمال کی وجہ سے جرّاحی کے مقام پر 40فیصد تک انفیکشن کے خطرات کم ہو جاتے ہیں۔

آکاشوانی نیوز سے خصوصی طور سے بات چیت کرتے ہوئے پروفیسر **Chumber** نے کہا کہ یہ روبوٹک سرجری، سرجنوں کو بے مثال طریقہ کار اور درستگی کے ساتھ پیچیدہ عمل انجام دینے کے قابل بناتا ہے۔

**S/B Professor Sunil Chumber**

## J&K Terrorist

جموں و کشمیر میں کشتواڑ ضلعے کے بالائی علاقوں میں دہشت گردوں کا صفایا کرنے کی مہم کے تیسرے دن تلاش کی کارروائی کے دوران، کئی لوگوں کو پوچھ تاچھ کیلئے حراست میں لیا گیا ہے۔ حفاظتی فورسز دہشت گردوں کو راشن اور دیگر سازوسامان کی خریداری اور انہیں پہنچانے میں مدد کرنے والے زمینی کارندوں کی پہچان کرنے کی کوشش کررہی ہے۔ اتوار کے روز **Chatroo** علاقے کے **Mandral-Singhpora** کے نزدیک **Sonnar** گاؤں میں آپریشن شروع کیا گیا تھا، جس کے بعد، گولی باری میں ایک پیرا ٹروپر کی موت ہوئی، جبکہ 7 دیگر زخمی ہوگئے۔

اِس دوران، جموں میں اسپیشل فورس کے کمانڈو حولدار گجیندر سنگھ کو خراج عقیدت پیش کرنے کیلئے تعزیتی تقریب منعقد کی گئی، جس کے بعد جسد خاکی کو آخری رسومات کیلئے اتراکھنڈ میں واقع اُن کے آبائی شہر روانہ کیا گیا۔×

## EU Summit Greenland Tariffs

یوروپی یونین سے وابستہ ملکوں کے رہنما، اِس جمعرات کو ایک ہنگامی سربراہ کانفرنس منعقد کریں گے۔ یوروپی کمیشن کے ترجمان **Olof Gill** نے بتایا کہ اِس میٹنگ میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی بیان کردہ، گرین لینڈ کو قبضے میں لینے کی خواہش سے مربوط محصولات کی، امریکی دھمکیوں پر توجہ دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ یوروپی یونین، محصولات کی دھمکیوں کے بارے میں ہر سطح پر امریکہ کے ساتھ بات چیت کررہی ہے اور یہ بلاک، اپنے اقتصادی مفادات کے تحفظ کیلئے ہر ممکن قدم اُٹھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر یہ محصولات عائد کیے گئے تو بلاک اِس کا جواب دینے کیلئے تیار ہے۔اِس سے پہلے **EU** کے سفیروں نے ایک ہنگامی اجلاس کیلئے پچھلے اتوار کو برسلز میں میٹنگ کی تھی۔اِس بات چیت میں امریکہ کی طرف سے محصولات کی دھمکیوں اور اِس کے ممکنہ جوابات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا تھا کہ امریکہ کو قومی سلامتی کیلئے گرین لینڈ کی ضرورت ہے۔ انہوں نے خبردار کی تھا کہ اگر اِس سلسلے میں کوئی معاہدہ نہ ہوا تو محصولات عائد کردیے جائیں گے۔×

## WPL Cricket

خواتین پریمیر لیگ کرکٹ میں وڈودرہ میں **BCA** اسٹیڈیم میں ڈیلی کیپٹلس اور ممبئی انڈینس کے درمیان میچ کھیلا جارہا ہے۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے ڈیلی کیپٹلس کی جیت کیلئے 155 رن کا نشانہ رکھا ہے۔ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورس میں 5 وکٹ پر 154 رن بنائے۔اس سے قبل ڈیلی کیپٹلس نے ٹاس جیت کر پہلے گیندبازی کرنے کا فیصلہ کیا۔x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆